**22.09.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

…………………………………

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات سے لوگوں کو براہِ راست فائدہ ہوگا اور اُن کی بچت میں اضافہ ہوگا۔

☆ حکومت نے موجودہ مالی برس کے دوران، پردھان منتری اُجولا یوجنا کے تحت LPG کے 25لاکھ اضافی کنکشن فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ وزارت داخلہ نے NSCN-K اور اُس سے وابستہ سبھی گروپوں کو 28ستمبر سے پانچ برس کیلئے فوری طور پر غیرقانونی قرار دیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ ایک تصادم میں دو ماؤنواز مارے گئے۔ دونوں پر 40-40لاکھ روپئے کا انعام تھا۔

☆ پاکستانی فضائیہ نے خیبرپختونخواہ صوبے میں فضائی حملہ کیا ہے جس میں خواتین اور بچوں سمیت 30افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ شدید سمندری طوفان Ragasa فلپائن سے ٹکرایا ہے۔ ہزاروں لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔ راجدھانی منیلا کو بند کردیا گیا ہے۔

☆ اور فٹبال میں کولمبو میں17 سال تک کی عمر کی SAFF چمپئن شپ میں بھارت سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

…………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**PM GST Reforms**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ GST کی شرحوں میں کمی سے کنبوں کیلئے اضافی بچت کے ساتھ ساتھ کاروبار میں بھی آسانی ہوگی۔ آج نوراتری کے پہلے دن ایک خط کے ذریعے ہم وطنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ GST کی شرحوں میں تخفیف کا مطلب ہر کنبے کیلئے زیادہ بچت اور کاروبار میں زیادہ آسانیاں ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ آج سے نئے سلسلے کی GST اصلاحات نے ''GST بچت اُتسو'' یا ''GST سیونگ فیسٹیول'' کے ذریعے بچت کا احساس دلانا شروع کردیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اصلاحات

بچت کو فروغ دیں گی اور ان سے کسانوں، خواتین، نوجوانوں، غریبوں، متوسط طبقے، تاجروں اور MSMEs سمیت سماج کے ہر طبقے کو فائدہ ہوگا۔ x

## GST Reforms Vox Pop

نئے سلسلے کی GST اصلاحات آج سے نافذ ہوگئی ہیں۔ نئے ٹیکس ڈھانچے کے تحت GST کونسل نے بالواسطہ ٹیکس نظام کو سہل بنادیا ہے اور اب پانچ فیصد اور 18فیصد کے صرف دو زمرے ہوں گے، جبکہ پہلے پانچ فیصد، 12فیصد، 18فیصد اور 28فیصد کے چار زمرے تھے۔کئی طرح کے سامان اور خدمات پر ٹیکس کم کرکے لوگوں کو سیدھے راحت پہنچانے کے لیے یہ اصلاحات لائی گئی ہیں۔

VC - Saklen

آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت حکومت نے مختلف شعبوں میں ٹیکسوں میں نمایاں کمی کی ہے۔ مکانات اورتعمیر کے شعبے میں راحت دیتے ہوئے حکومت نے سیمنٹ پر GST کو 28 فیصد سے کم کرکے 18فیصد کردیا ہے۔ متوسط طبقے کو ذہن میں رکھتے ہوئے دوپہیہ اور چھوٹی گاڑیوں پر بھی GST اٹھارہ فیصد کردی گئی ہے۔ دلّی کے لوگوں نے اِس فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔ دلّی کے ایک باشندے شویندر شُکلا نے اِس فیصلے کی ستائش کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ گاڑیوں، دوپہیہ گاڑیوں اور ادویات پر GST کی شرح کم ہونے سے لوگوں خاص طور سے متوسط طبقے اور نچلے متوسط طبقے کے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ دلّی کے ایک اور باشندے راجیو پانڈے نے کہا کہ گاڑیوں پر GST کم ہونے سے اُن کے پیسوں کی بچت ہوگی۔GST کی شرحوں میں کمی سے عام شہری، خاص طور سے متوسط طبقے پر مالی بوجھ کم ہوگا اور اُن کی بچت میں بھی اضافہ ہوگا۔

دلّی ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Nadda GST Traders

صنعت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے کہا ہے کہ نئے سلسلے کی GST اصلاحات سے ملک بھر کے عوام کو فائدہ ہوگا۔ آج نئی دلّی میں تاجروں سے گفتگو کے دوران، جناب نڈا نے دکانداروں سے زور دے کر کہا کہ بھارت کو خودکفیل بنانے کیلئے وہ اپنی دکانوں میں دیسی مصنوعات بیچیں اور ان کی تشہیر کریں۔ وزیرِ موصوف نے اجاگر کیا کہ یہ اصلاحات چھوٹے پیمانے کے کاروبار کی معاونت اور ان پر عمل آوری کو آسان بنانے کے مقصد سے کی گئی ہے۔ تبادلۂ خیال کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے، انہوں نے مزید کہا کہ تہواروں کے موسم سے قبل نئے سلسلے کی GST اصلاحات کے نفاذ سے خریداری میں اضافہ ہوگا اور لوگوں کو پیسوں کی بچت میں بھی آسانی ہوگی۔

## PM Arunachal

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اروناچل پردیش میں پانچ ہزار ایک سو کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بنیادی

ڈھانچے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا اور اس بات کو اجاگر کیا کہ توانائی اور علاقائی ترقی میں ریاست کا رول بڑھتا جا رہا ہے۔ جناب مودی نے ورچوئل وسیلے سے Shi Yomi ضلع میں دو بڑے پن بجلی پروجیکٹوں اور توانگ میں ایک کنونشن سینٹر کا سنگِ بنیاد رکھا۔

وزیراعظم نے روڈ کنکٹویٹی، حفظانِ صحت اور فائر سیفٹی سمیت مختلف شعبوں میں ایک ہزار 290 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا آغاز بھی کیا۔ بعد میں Itanagar میں اندرا گاندھی پارک میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ اروناچل پردیش کی سرزمین صرف ابھرتے ہوئے سورج کی سرزمین نہیں بلکہ یہ حب الوطنی کا ایک گہوارہ بھی ہے۔انھوں نے کہا کہ جس طرح ترنگے کا پہلا رنگ زعفرانی ہے، اُسی طرح اروناچل کا بھی پہلا رنگ زعفرانی ہے۔ یہاں ہر شخص دلیری اور سادگی کی ایک علامت ہے۔

SB - PM - Twang Tourism - 36 Secs

جناب مودی نے کہا کہ اروناچل کا، اُن کا دورہ خاص اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نوراتری کے پہلے دن، انھوں نے خوبصورت پہاڑوں کا نظارہ کیا اور کہا کہ GST بچت اُتسو بھی آج ہی شروع ہوا ہے۔

SB - PM GST Bachat Utsav - 29 Sec

وزیراعظم نے کہا کہ NDA سرکار کے دورِ حکومت میں مرکزی وزیروں نے 800مرتبہ سے زیادہ شمال مشرق کا دورہ کیا ہے اور وہ دور دراز کے ضلعوں اور گاؤوں تک جانے کی لگاتار کوشش کرتے رہے ہیں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ وزیرِ اعظم کی حیثیت سے وہ 70مرتبہ سے زیادہ شمال مشرق آچکے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ ہم شمال مشرق کی آٹھوں ریاستوں کو دیوی لکشمی کی مختلف اوتار مانتے ہیں۔ لہٰذا ہم اِس خطے کو ترقی کے اعتبار سے پیچھے نہیں دیکھ سکتے۔

SB - PM Power Project - 32 Sec

## Tripura PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج PRASHAD اسکیم کے تحت ماتا تریپورہ سندری مندر کے ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔ اس کے افتتاح کے ساتھ ہی تریپورہ کی مالامال ثقافت اور روحانی وراثت میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوگیا ہے۔ وزیراعظم نے پوجا اَرچنا کی اور صدیوں پرانے مندر میں ایک نمائش بھی دیکھی۔x

## PM Ujjwala

نوراتری کے پہلے دن سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ رواں مالی سال کے دوران پردھان منتری اُجولا یوجنا کے تحت 25لاکھ اضافی LPG کنکشنز فراہم کرے گی۔

اس موقع پر خاتون مستفیدین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ مقدس تہوار کے موقع پر، یہ قدم نہ صرف خواتین کیلئے خوشیاں لائے گا، بلکہ انہیں بااختیار بنانے میں بھی مدد کرے گا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے بتایا کہ سرکار 25لاکھ نئے LPG

کنکشن میں سے ہر ایک پر 2ہزار روپے سے زائد خرچ کرے گی۔

SB - Hardeep Singh Puri Ujjwala

## Nagaland MHA

وزارتِ داخلہ نے نیشنل سوشلسٹ کونسل آف ناگالینڈ، کھپلانگ کو، اُس کے سبھی دھڑوں، شاخوں اور ذیلی تنظیموں کے ساتھ غیرقانونی تنظیم قرار دیا ہے۔ یہ پابندی پانچ سال کیلئے نافذ کی گئی ہے اور اِس کا اطلاق 28ستمبر سے ہوگا۔ گزٹ نوٹفکیشن میں وزارتِ داخلہ نے کہا کہ یہ تنظیم، بھارت کی سالمیت اور یکجہتی کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیوں میں ملوث رہی ہے۔ نوٹفکیشن میں کہا گیا ہے کہ یہ تنظیم، پولیس یا حفاظتی دستوں کے زیرِ تربیت 13 کاڈرس کے قتل اور 51دیگر مجرمانہ سرگرمیوں میں بھی ملوث رہی ہے۔

وزارت کے مطابق نیشنل سوشلسٹ کونسل آف ناگالینڈ نے خود کو دیگر غیرقانونی تنظیموں جیسے یونائیٹڈ لبریشن فرنٹ آف آسوم - آزاد، پیپلز ریوولیوشنری پارٹی آف Kangleipak-PREPAK اور پیپلز لبریشن آرمی ، PLA سے بھی وابستہ کررکھا تھا۔ x

## Chhattisgarth Maoists

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ ایک تصادم میں دو ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ دونوں پر 40-40لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ نارائن پور کے ایس پی Robinson Guria نے کہا کہ سکیورٹی دستوں نے مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ کے سرحدی علاقوں میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ اطلاع کے پیش نظر تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔ ابوجماڑ خطے میں کارروائی کے دوران ماؤنوازوں نے سکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ کردی۔ سکیورٹی دستوں نے جوابی فائرنگ کی جس کے بعد تصادم شروع ہوگیا۔ دونوں ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ اُن کی Katta Ramchandra Reddy اور Kosadada عرف Kadari ستیہ نارائن ریڈی کے طور پر شناخت ہوئی ہے۔ دونوں CPI ماؤنواز کی مرکزی کمیٹی کے رکن تھے۔x

## Prez National Film Awards

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرموگل نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران فاتحین کو 71ویں قومی فلم ایوارڈس سے نوازیں گی۔ بہترین فلم کا ایوارڈ، ہندی فلم ''12$^{th}$ فیل'' کو دیا جائے گا۔ بہترین اداکار کے زمرے کا قومی فلم ایوارڈ اداکار شاہ رخ خان کو، اُن کی فلم ''جوان'' اور اداکار وِکرانت Massey کو فلم '' 12$^{th}$ فیل'' کیلئے دیا جائے گا۔ آزمودہ کار اداکار، ہدایت کار اور فلم ساز موہن لال کو سال 2023 کے باوقار دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ حال ہی میں انعامات کا اعلان کرتے ہوئے، فیچر فلم زمرے کی جیوری کے چیئرمین آشوتوش گواریکر نے کہا تھا کہ اداکارہ رانی مکھرجی کو، اُن کی فلم ''مسز چیٹر جی Vs ناروے'' میں بہترین کارکردگی کیلئے بہترین اداکارہ کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔

غیر فیچر فلم زمرے کی جیوری کے چیئرمین پی شَشادری نے کہا کہ سومیہ جیت گھوش دَستی دار کی ہدایت کاری والی فلم ''Flowering Man'' نے بہترین غیر فیچر فلم ایوارڈ جیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیوش ٹھاکر کو بہترین ہدایت کار کا انعام ملا ہے۔ جناب شَشادری نے کہا کہ ''God Vulture and Human'' نے بہترین Documentry کا انعام اپنے نام کیا ہے۔ جیوری کے اعلان کے مطابق ہندی فلم ''Rocky اور رانی'' کی پریم کہانی نے مجموعی طور پر تفریح کے معاملے میں بہترین مقبول فلم کا انعام جیتا ہے، جبکہ قومی، سماجی اور ماحولیاتی اقدار کو فروغ دینے کیلئے ''Sam بہادر'' کو بہترین فیچر فلم قرار دیا گیا ہے۔ جی وی پرکاش کمار کو تمل فلم ''Vaathi'' کیلئے بہترین موسیقار کیلئے چنا گیا ہے۔ گلوکار شِلپا راؤ نے ہندی فلم ''جوان'' کیلئے اور گلوکار PVNS روہت نے تیلگو فلم ''Baby'' کیلئے بہترین گلوکار کا انعام جیتا ہے۔ x

## Seva Parv Smart City Mission

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرو' کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت اسمارٹ سٹی مشن کے ذریعے شہروں کو نئی شکل دے رہی ہے اور شہریوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنا رہی ہے۔

Capsule

اسمارٹ سٹی مشن بھارت کے شہری منظرنامے کو نئی شکل دے رہا ہے اور امنگوں کو حقیقت میں تبدیل کر رہا ہے۔ جون 2015میں وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس کا آغاز کیا اور اس کا مقصد اسمارٹ اور پائیدار اقدامات کے ذریعے بھارتی شہروں میں معیارِ زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ پُنے میں اسمارٹ سٹی پروجیکٹوں کا آغاز کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا تھا کہ اسمارٹ سٹی کا نظریہ اپنے آپ میں ایک بڑی تحریک ہے۔

PM Byte Smart City

گذشتہ دہائی میں مشن نے خاطر خواہ ترقی کی ہے۔ آٹھ ہزار سے زیادہ پروجیکٹوں میں سے تقریباً 94فیصد اب مکمل ہوچکے ہیں۔ اب جبکہ اسمارٹ سٹی مشن کے دس برس مکمل ہو رہے ہیں ملک بھر میں اُس کے اثرات واضح ہیں۔آج یہ مشن ایک نئے بھارت کیلئے شہری ترقی کو نئے سرے سے تشکیل دینے کی خاطر ایک تاریخی پہل ہے۔

## Murugan BFC

اطلاعات و نشریات کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مروگن 30ویں بُسان بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں شرکت کیلئے آج جنوبی کوریا کے بُسان پہنچ گئے ہیں۔

سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر مروگن نے بتایا کہ انہوں نے بُسان فلم کمیشن کے ساتھ گول میز تبادلۂ خیال کے دوران بھارت کی تخلیقی معیشت، مشترکہ تخلیق سے متعلق تعاون اور ترغیبات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ وزیرِ موصوف نے حکام کے ساتھ بصیرت اور حاضرین کے ساتھ بھارت کی تخلیقی صلاحیت سے متعلق نظریات کے تبادلے

پر مسرت کا اظہار کیا۔ جناب مروگن نے مضبوط میڈیا اور تفریحی ایکو نظام کی تعمیر میں بھارت اور جنوبی کوریا کے اشتراک کی طاقت پر بھی خوشی کا اظہار کیا۔x

## Pak Airstrike

پاکستانی فضائیہ نے خیبر پختونخواہ میں فضائی حملہ کیا ہے جس میں خواتین اور بچوں سمیت 30افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ فضائی حملہ دیر رات دو بجے اُس وقت کیا گیا جب Tirah وادی میں واقع Matre Dara گاؤں پر پاکستان کے لڑاکا جیٹ طیاروں JF-17 نے آٹھ LS-6بم گرائے۔ انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں نے شہریوں کے تحفظ اور خلاف ورزیوں کیلئے جواب دہی پر زور دیتے ہوئے تحقیقات کیلئے کہا ہے۔ اِس واقعے پر پاکستانی فوج اور حکومت خاموش ہے۔x

## Typhoon Ragasa

سمندری طوفان Ragasa فلپنس کے Panuitan جزیرے پہنچ گیا ہے۔فلپنس کی موسمیات سے متعلق ایجنسی کے مطابق 230 کلومیٹر فی گھنٹے کی تیز ہواؤں والا سمندری طوفان Panuitan،Ragasa جزیرے پہنچ گیا ہے اور اِس کے مغرب میں جنوبی چین کی جانب بڑھنے کا امکان ہے۔فلپنس میں ہزاروں افراد کا انخلاء کرا لیا گیا ہے۔ راجدھانی مَنیلا سمیت ملک کے زیادہ تر حصوں میں اسکول اور سرکاری دفاتر بند کردیئے گئے ہیں۔ حکام نے بڑے پیمانے پر سیلاب اور تودے کھسکنے کی وجہ سے گھروں اور بنیادی ڈھانچے کے ممکنہ نقصان سے خبردار کیا ہے۔ آج صبح سے ہی جنوبی اور مشرقی تائیوان کے جنگلاتی علاقے اور قدرتی مقامات کو بند کردیا گیا ہے، جبکہ کچھ کشتی خدمات بھی معطل کردی گئی ہیں۔ چین کے گُوانگ ڈونگ صوبے کے حکام نے رہائشیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ زبردست سمندری طوفان کیلئے تیار رہیں۔x

## SAFF Championship

فٹبال میں کولمبو میں 17سال تک کی عمر کی SAFF چمپئن شپ میں بھارت اپنے روایتی حریف پاکستان کو دو کے مقابلے تین گول سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ اس جیت کے ساتھ گروپ B میں بھارتی ٹیم نے اعلیٰ مقام حاصل کرلیا اور وہ سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ اب 25ستمبر کو سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ نیپال سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆